(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

عوامی تحفظ

## پاکستان میں آوارہ کتوں کے کاٹنے کے واقعات

## ہر 10 میں سے 1 پاکستانی (10%) کے مطابق اُنہیں کبھی نہ کبھی کسی کتے نے کاٹا ہے؛ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (12%) اور مرد حضرات (15%) ایسے واقعات کا زیادہ شکار ہوئے ہیں۔

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**

(اسلام آباد، 12 جون 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 10% پاکستانیوں کے مطابق وہ کبھی کتے کے کاٹنے کا شکار ہوئے ہیں، جبکہ 89% پاکستانیوں کے مطابق اُنہیں کبھی کسی کتے نے نہیں کاٹا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"خدانخواستہ کیا آپ کو کبھی کسی کتے نے کاٹا ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 10% جوابدہندگان کے مطابق انہیں زندگی میں کبھی نہ کبھی کسی کتے نے کاٹا ہے، جبکہ 89% پاکستانیوں کے مطابق اُن کے ساتھ کبھی ایسا واقعہ پیش نہیں آیا ہے۔ تقریباً 1% کو اس حوالے سے معلوم نہیں تھا۔ ملک بھر کے یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ اگرچہ کتے کے کاٹنے کے واقعات آبادی کے ایک کم حصے کو متاثر کرتے ہیں، مگر یہ مسئلہ اتنا اہم ہے کہ اس پر توجہ دی جانی چاہیے۔

مجموعی طور پر، اگرچہ پاکستانیوں کی اکثریت کو کبھی کتے کے کاٹنے کے واقعات پیش نہیں آئے، تاہم ہر 10 میں سے 1 پاکستانی کو ایسے واقعہ کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد اور مرد حضرات ایسے واقعات کا زیادہ شکار ہوتے ہیں، جو عوامی تحفظ کے لیے مخصوص اقدامات اور آگاہی مہمات کی ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔

**"خدانخواستہ کیا آپ کو کبھی کسی کتے نے کاٹا ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 780 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2% ± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ کتے کے کاٹنے کے واقعات دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (9%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (12%) میں زیادہ رپورٹ ہوتے ہیں، اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ شہروں میں آوارہ کتوں کے ہونے کے امکانات نسبتاً زیادہ ہیں۔ یہ شہری عوامی تحفظ کے اقدامات کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے تاکہ کتوں سے متعلق واقعات کو روکا جا سکے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** خواتین کی نسبت (4%) مرد حضرات میں (15%) کتے کے کاٹنے کا شکار ہونے کی شرح زیادہ پائی گئی۔ جنس کے اعتبار سے یہ فرق ظاہر کرتا ہے کہ مرد حضرات کو ایسی صورتحال کا نسبتاً زیادہ سامنا کرنا پڑتا ہے، ممکنہ طور پر زیادہ نقل و حرکت یا بیرونی سرگرمیوں کی وجہ سے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 12 June 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan
(1980-2026)